# سورۃ الانفطار (82)

(مکی — کل آیات 19)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ (1)

جب آسمان پھٹ جائے۔

وَاِذَا الۡکَوَاکِبُ انۡتَثَرَتۡ (2)

اور جب ستارے جھڑ جائیں۔

وَاِذَا الۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ (3)

اور جب سمندر ابل پڑیں۔

وَاِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ (4)

اور جب قبریں اکھاڑ دی جائیں۔

عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ وَاَخَّرَتۡ (5)

تب ہر شخص جان لے گا کہ کیا آگے بھیجا اور کیا پیچھے چھوڑ آیا۔

یٰۤاَیُّہَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ (6)

اے انسان تجھے اپنے رب کریم کے بارے میں کس چیز نے مغرور کر دیا۔

الَّذِیۡ خَلَقَکَ فَسَوّٰکَ فَعَدَلَکَ (7)

جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا پھر تجھے برابر کیا۔

فِیۡۤ اَیِّ صُوۡرَۃٍ مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ (8)

جس صورت میں چاہا تیرے اعضا کو جوڑ دیا۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ (9)

نہیں نہیں بلکہ تم جزا کو نہیں مانتے۔

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ (10)

اور بے شک تم پر محافظ ہیں۔

كِرَامًا كَاتِبِيْنَ (11)

عزت والے اعمال لکھنے والے۔

يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ (12)

وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ (13)

بے شک نیک لوگ نعمت میں ہوں گے۔

وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ (14)

اور بے شک نافرمان دوزخ میں ہوں گے۔

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ (15)

انصاف کے دن اس میں داخل ہوں گے۔

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ (16)

اور وہ اس سے کہیں جانے نہ پائیں گے۔

وَمَآ اَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ (17)

اور تجھے کیا معلوم انصاف کا دن کیا ہے۔

ثُمَّ مَآ اَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ (18)

پھر تجھے کیا خبر کہ انصاف کا دن کیا ہے۔

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۖ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ (19)

جس دن کوئی کسی کے لیے کچھ بھی نہ کر سکے گا اور اس دن اللہ ہی کا حکم ہو گا۔